Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ________________

Sig. of Invigilator: ________________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

ت: 25 منٹ

ت: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

ل نمبرا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ایشیا کی تمام قومیں یہی سمجھتی ہیں کہ ایک __________ ہی رعایا کی ترقی اور خوشی کا ذریعہ ہوتا ہے۔

الف۔ جرنیل     ب۔ صدر

ج۔ بادشاہ     د۔ وزیراعظم

(ii) غم کھانا، قسم کھانا، دھوکہ کھانا یہ سب __________ کہلائیں گے۔

الف۔ سابقے     ب۔ لاحقے

ج۔ محاورے     د۔ ضرب الامثال

(iii) پرکاش نے زیور چوری کرنے کا شک کس پر کیا؟

الف۔ نوکروں پر     ب۔ باہر کے آدمی پر

ج۔ اپنی بیوی پر     د۔ دکانداروں پر

(iv) شاملِ نصاب سبق ''سنہ'' کے مصنف مشتاق یوسفی کے بقول زہر کا پیالہ کس نے پیا تھا؟

الف۔ افلاطون     ب۔ ارسطو

ج۔ بقراط     د۔ سقراط

(v) شاملِ نصاب نظم ''بہارِ صبح'' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

الف۔ مثنوی     ب۔ مخمس

ج۔ مسدس     د۔ مثمن

(vi) شاملِ نصاب نظم ''خطاب بہ جوانانِ اسلام'' کے شاعر علامہ اقبال نے ''تاجِ سرِ دارا'' کس چیز کو کہا ہے؟

الف۔ ایرانی شہنشاہت     ب۔ عثمانی شہنشاہت

ج۔ رومی شہنشاہت     د۔ مغل شہنشاہت

(vii) نظیر اکبرآبادی نے اپنی شاعری میں __________ بولی کو ذریعہ اظہار بنایا ہے۔

الف۔ علمی     ب۔ عوامی

ج۔ امیروں کی     د۔ غریبوں کی

(viii) شاملِ نصاب سبق ''مرحوم کی یاد میں'' کس کی تحریر ہے؟

الف۔ ڈپٹی نذیر احمد     ب۔ شوکت تھانوی

ج۔ مشتاق یوسفی     د۔ پطرس بخاری

(ix) شاملِ نصاب سبق ''ایک نامور مسلم سائنسدان'' کا مصنف کون ہے؟

الف۔ اسماعیل میرٹھی     ب۔ حمید عسکری

ج۔ مولوی عبدالحق     د۔ نذیر احمد

(x) علمِ بیان کی رو سے جب ایک چیز کو کسی مشترک خصوصیت کی بنا پر دوسری چیز کی مانند قرار دیا جائے تو اسے __________ کہا جاتا ہے۔

الف۔ تلمیح     ب۔ استعارہ

ج۔ مطلع     د۔ تشبیہ

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xi) خواجہ حیدر علی آتش نے انسان کی نیک نامی یا بدنامی کا معیار کس چیز کو قرار دیا ہے؟

الف۔ نفسِ انسانی    ب۔ زبانِ خلق

ج۔ خوشامد    د۔ اعمالِ دنیا

(xii) داغ دہلوی نے اپنی غزل میں کس مشہور اسلامی واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے؟

الف۔ جنگِ خیبر    ب۔ جنگِ خندق

ج۔ واقعۂ معراج    د۔ شب القدر

(xiii) شعر میں قافیہ کے بعد آنے والے الفاظ جو دہرائے جاتے ہیں انہیں علمِ بیان کی رو سے کیا کہا جاتا ہے؟

الف۔ لاحقہ    ب۔ ردیف

ج۔ قافیہ    د۔ مقطع

(xiv) منظور کا باپ کیا کام کرتا تھا؟

الف۔ تجارت کا    ب۔ حجامت کا

ج۔ سرکاری ملازمت    د۔ درزی کا

(xv) آپ ﷺ نے کس چیز کو "اُم الخبائث" کہا ہے؟

الف۔ جوا    ب۔ زنا

ج۔ شراب    د۔ نشہ آور اشیاء

(xvi) کیا کیا خضر نے سکندر سے ___ اس شعر میں کون سی اصطلاح موجود ہے؟

الف۔ تشبیہ    ب۔ استعارہ

ج۔ ضرب المثل    د۔ تلمیح

(xvii) عدالتی کارروائی اور مقدمے کی کیفیت کو بھی __________ کہا جاتا ہے۔

الف۔ کہانی نویسی    ب۔ روداد

ج۔ مضمون نگاری    د۔ افسانہ نگاری

(xviii) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہا جاتا ہے؟

الف۔ قافیہ    ب۔ ردیف

ج۔ مطلع    د۔ مقطع

(xix) وہ تو چیتا ہے چیتا ___ اس جملے میں کون سی ادبی اصطلاح موجود ہے؟

الف۔ مجازِ مرسل    ب۔ استعارہ

ج۔ تشبیہ    د۔ کنایہ

(xx) شاملِ نصاب "مکتوبِ اقبال" کس کے نام لکھا گیا ہے؟

الف۔ مولوی عبدالحق    ب۔ داغ دہلوی

ج۔ قائدِ اعظم    د۔ مولانا گرامی

---

برائے ممتحن:    کُل نمبر: 20    حاصل کردہ نمبر: ☐

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) شاملِ نصاب سبق ''اوورکوٹ'' سے متعلق اپنے تاثرات لکھیں۔

(ii) غالب کا خط عام خطوط سے کس حد تک مختلف ہے؟

(iii) جب محلے کے ایک بزرگ نے خواجہ صاحب اور راجا صاحب کو اپنی بیگمات کو لڑائی جھگڑے سے روکنے کو کہا تو انھوں نے کیا جواب دیا؟

(یا)

مندرجہ ذیل کا مفہوم واضح کریں:

خوش دامن ، محلِ غور ، گنگا جلی ، مشاطیت

(iv) ہاجرہ مسرور نے اپنے افسانے ''ایک کہانی بڑی پرانی'' میں ہمارے کس معاشرتی المیے کو موضوع بنایا ہے؟

(v) منشیات سے بچنے کے لیے کیا اقدامات ضروری ہیں؟

(vi) دنیا میں رحمتِ دو جہاں اور کون ہے؟ اس شعر میں شاعر نے رحمتِ دو جہاں کس کو کہا ہے؟

(یا)

ذیل میں دیے گئے الفاظ کا مفہوم لکھیں:

زرانجم ، چرخِ اخضری ، بحرِ سرمدی ، مینائے لاجورد

(vii) شاملِ نصاب نظم ''بنجارہ نامہ'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

(viii) شاملِ نصاب نظم ''مستقبل کی ایک جھلک'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

(یا)

درج ذیل تلمیحات کی وضاحت کریں:

روح الامین ، قیصرو کسریٰ ، فقرِ بوذر ، صدقِ سلمانی

(ix) مندرجہ ذیل شعر کی تشریح کریں:

جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

(x) ردیف اور قافیے میں فرق بیان کریں۔ دونوں کی ایک ایک مثال بھی لکھیں۔

(یا)

مطلع کی تعریف بیان کریں اور دو مثالیں بھی دیں:

(xi) مندرجہ ذیل کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ تذکیر و تانیث واضح ہو جائے:

قلم ، دہی ، املا ، برق

(xii) **درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:**

اودھ کی راجدھانی جب فیض آباد سے لکھنؤ منتقل ہوئی تو اس کو چار چاند لگ گئے۔ میر تقی میر، انشاء اللہ خاں انشا، جرأت اور مصحفی وغیرہ نے اُدھر کا رخ کیا۔ میر انیس کا خاندان دلی سے پہلے ہی آ چکا تھا۔ ان بزرگوں کے دم قدم سے بادشاہوں کے دربار، امرا کی ڈیوڑھیاں اور اہلِ علم کی محفلیں شعر و سخن کے نغموں سے پُرشور بن گئیں۔ ناسخ و آتش، وزیر و صبا اور ان کے شاگردوں کے شاگردوں نے شعر و ادب کے جواہر ریزوں کے ڈھیر لگا دیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 32)

وال نمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ پھوہڑ! بدسلیقہ! بدتمیز! تو کیوں اڑی تھی؟ تجھ کو چمن کی ہوا کے بغیر کیا ہوا جاتا تھا؟ کیا تو بھی اس گوری عورت کی خصلت سیکھتی ہے جو گھر کا کام نوکروں پر چھوڑ کر ہوا خوری کرتی پھرتی ہے۔ تو ایک چڑیا ہے۔ تیرا کوئی حق نہیں ہے کہ بغیر میری مرضی کے باہر نکلے۔ تجھ کو میرے ساتھ اڑنے اور ہوا خوری کرنے کا حق ہے۔ آج کل تو انڈوں کی محافظ تھی۔ تجھے یہاں سے ہٹنے کا اختیار نہ تھا۔ تو نے میرے ایک انڈے کا نقصان کر کے اتنا بڑا قصور کیا ہے کہ اس کا بدل کچھ نہیں ہو سکتا۔

ب۔ کیمیا میں سب سے ضروری شے تجربہ ہے جو شخص اپنے علم کی بنیاد تجربے پر نہیں رکھتا وہ ہمیشہ غلطی کرتا ہے، پس اگر تم کیمیا کا صحیح علم حاصل کرنا چاہتے ہو تو تجربوں پر انحصار کرو اور صرف اس علم کو صحیح جانو جو تجربے سے ثابت ہو جائے۔

وال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
گر تو ہے لکھی بنجارہ اور کھیپ بھی تیری بھاری ہے
اَے غافل تجھ سے بھی چڑھتا ایک اور بڑا بیوپاری ہے
کیا شکر، مصری، قند، گری، کیا سانبھر میٹھا کھاری ہے
کیا لاکھ مُنقّے، سونٹھ، مرچ، کیا کیسر، لونگ سپاری ہے
سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

ب۔
اٹھاؤ تیغ بے اماں، وطن کے پاک نام پر
لٹا دو عمرِ نوجواں، وطن کے پاک نام پر
نثار کر دو اپنی جاں، وطن کے پاک نام پر
صدائیں دیتا ہے وطن ، بڑھے چلو، بڑھے چلو
دلاورانِ تیغ زن بڑھے چلو، بڑھے چلو
بہادرانِ صف شکن بڑھے چلو، بڑھے چلو

ال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
سبق پھر پڑھ صداقت کا، عدالت کا شجاعت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

ب۔
مل گئی دونوں جہانوں کے خزانوں کی کلید
اپنی معراج کو پہنچا ہے بشر آج کی رات

ج۔
ستم کی رسمیں بہت تھیں لیکن نہ تھی تری انجمن سے پہلے
سزا خطائے نظر سے پہلے عتاب جرمِ سخن سے پہلے

د۔
گر بازی عشق کی بازی ہے جو چاہو لگا دو، ڈر کیسا
گر جیت گئے تو کیا کہنا، ہارے بھی تو بازی مات نہیں

ہ۔
جن کو ہم سمجھا کیے ابرِ بہار
وہ بگولے کتنے گلشن کھا گئے

ال نمبر۶۔ اپنے کالج کی تقریب تقسیمِ انعامات کی روداد تحریر کریں۔ (5)

ال نمبر۷۔ چیئرمین بورڈ کے نام سند جاری کرنے کی درخواست لکھیے۔ (5)

----1HS 1603 ----